(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقُطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

کل الحقوق محفوظۃ

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... =/200 روپے

ہے جو عنبر پر کندہ کیا گیا ہو"

(غیبۃ طوسی ص ۱۵۹، بحارالانوار: ۵۲/ ۱۱ حدیث ۶ کمال الدین: ۲/ ۳۶۸ حدیث ۲۳ تبصرۃ الولی: ص ۱۱۴ سطر ۱)

مہدیؑ کی بیعت

(۷۹/۵۹۲) حذیفہ کہتے ہیں: میں نے رسول خداؐ سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: جب قائم علیہ السلام خروج کریں گے تو آسمان سے منادی ندا دے گا۔

اَیُّهَا النَّاسُ قُطِعَ عَنْکُمْ مُدَّةُ الْجَبَّارِیْنَ وَوَلِیَ الْاَمْرَ خَیْرُ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ فَالْحِقُوْا بِمَکَّةَ

"اے لوگو! ظالموں کا دور ختم ہوگیا ہے! اب امور کی سربراہی امت محمدؐ کے افضل ترین شخص کے ہاتھ میں چلی گئی۔ اپنے آپ کو مکہ پہنچاؤ۔"

اس وقت مصر کے نجباء شام کے ابدال اور عراق کے چنے ہوئے لوگ، شب زندہ دار اور جو دن میں بہادری کے ایسے جوہر دکھانے والے ہیں جن کے دل لوہے کے ٹکڑوں کی طرح ہیں وہ باہر نکلیں گے اور خود کو آنحضرتؑ تک پہنچائیں گے اور رکن و مقام کے درمیان حضرت کے ساتھ بیعت کریں گے"

(الاختصاص: ص ۲۰۴ بحارالانوار: ۵۲/ ۳۰۴ حدیث ۷۳، اثبات الهداۃ: ۳/ ۵۵۷ حدیث ۶۰۷)

لشکر مہدیؑ کا نعرہ

(۸۰/۵۹۳) کتاب غیبت میں امام صادقؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا:

له کنز بالطالقان ماهو بذهب ولا فضة ورایة لم تنشر منذ طویت ورجال کان قلوبهم زبر الحدید لا یشوبها شک فی ذات الله اشد من الحجر، لو حملوا علی الجبال لا زالوها لا یقصدون برایاتهم بلدة الا خربوها کان علی خیولهم العقبان